**16-03-2026**

**7.40pm**

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا اصولوں پر کار فرما ، ایک محفوظ اور ترقی یافتہ جموں کشمیر وجود میں لانے میں اپنا بھر پور رول ادا کرنے پر نوجوانوں پر زور ۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ہاتھوں
شہرہ

---

آفاق ٹولپ گارڈن کا افتتاح// باغ کو جموں کشمیر کے سیاحتی منظر نامے کیلئے کلیدی اہمیت کا ﻍ دیا قرار۔

*.... آج پورے بر صغیر کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی تزک و احتشام کیساتھ منائی جا رہی ہے لیلتہ القدر کی تقریب سعید ۔

*........ وزیر اعلیٰ نے آنے والے تہواروں کے پیش نظر اشیاءضروریہ اور پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی اور سٹاک پوزیشن کا لیا جائز ہ ۔

<u>سنہا</u>

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانونپر زور دیا ہے کہ وہ اصولوں پر کار فرما ، ایک محفوظ اور ترقی یافتہ جموں کشمیروجود میں لانے میں اپنا بھر پور رول ادا کریں ۔انہوننے کہا کہ ان نوجوانوں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ انسانی اقدار کے تمام تقاضونکو پورا کرتے ہوئے قوم کی تعمیرکی طر ف اپنا بھر پو ر توجہ دیں۔ آج سینٹرل سنسکرت یونیورسٹی جموں کیمپس جسے اب شری مہاراجہ رمبیر سنگھ کیمپس کے نام سے جاناجاتا ہے میں شری مہاراجہ رمبیر سنگھ کے مجسمے کی نقاب کشائی کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ قوم ان کے اصلاحات اور جموں کشمیر میں ایک فعال کلچرل نظام قائم کرنے نیز جموں کشمیر کو ترقی کی راہ پر گامزن کرانے کیلئے ان کی مرہون منت ہے ۔

<u>ایل جی</u>

لیفٹیننٹ گورنر منوج نے کہا ہے کہ سرکار کی کوشش رہی ہے کہ دہشت پسند ی سے متاثر کوئی بھی کنبہ نظر انداز نہ ہو۔لوک بھون سرینگر میں دہشت پسندی سے متاثرہ کئی افراد کے لواحقین کو تقرر نامے تقسیم کرنے کے موقعے پر خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ انتظامیہ نااِنصافی کو ختم کرنے اور متاثر ہ کنبونکی دہلیز تک اِنصاف پہنچانے میں کامیاب ہوئی ہے ۔
انہوں نے کہا کہ یہ عمل
ا

---

س وقت تک جاری رہے گا جب تک ہر متاثر کنبے تک اِنصاف نہ پہنچ جائے۔±

## ٹولپ

**شہرہ**

---

**آفاق جھیل ڈل کے کنارے زبرون پہاڑی کے دامن میں ایشیاءکے سب سے بڑے ٹولپ گارڈن ؑ جسے اندرا گاندھی میموریل ٹولپ گارڈن سے بھی جانا جاتا ہے کو آج با ضابطہ طور سے سیاحوں کیلئے کھول دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ٹولپ گارڈن میں ٹولپ شو2026کا افتتاح کیا اور باغ کی سیر کی ۔ اس سال اس باغ میں 70سے زائد اقسام کے 18لاکھ ٹولپ لگائے گئے ہیں اور باقی اقسام کے پھول بھی باغ گلہ لالہ کی خوبصورتی کو دوبالا کرتے ہیں۔ اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے ملکی اور غیر ملکی سیاحوں سے اپیل کی کہ وہ وادی کی سیر کرکے اس باغ سے لطف اندوز ہو جائیں ۔**

**ڈائریکٹر فلوری کلچرکشمیر Mat Hoora Masoom نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے باغ گلہ لالہ کے تعلق سے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔**

## وزیرا علیٰ

**—————— وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ٹولپ گارڈن سرینگرمیں ٹولپ شو 2026کے دوران "Wadi-e-Sumbul"© نام کے ایک گانے کو جاری کیا۔ اس گانے کو محکمہ اطلاعات و رابطہ عامہ نے فلوری کلچر اور ہینڈی کرافٹس محکمے کے اشتراک سے تیا ر کیا ہے ۔**

**وزیر اعلیٰ نے وہاں لگائے گئے سٹالوں کا بھی معائینہ کیا۔ ان کے ہمراہ کابینہ وزرائ، سکینہ ایتو، جاوید ڈار کے علاوہ وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور سرینگر ضلع کے کئی ارکان قانون سازیہ بھی تھے۔**

## شب قدر

**آج پورے بر صغیر کے ساتھ ساتھ جمونکشمیر میں بھی شب قدر کی تقریب سعید مذہبی جوش و خروش اور تزک و احتشام کے ساتھ منائی جارہی ہے ۔ لیلتہ القدر کی مناسبت سے وادی بھر کی مساجد ، خانقاہوں اور زیارت گاہوں میں شب بیداری کی روح پرور مجالس کا انعقاد کیا جارہا ہے ۔ نماز تراویح کے بعد لوگ توبہ استغفار، درود واذکار اور قرآن خوانی میں محو رہیں گے ، نیز علماءدین شب قدر کی فضیلت پر روشنی ڈالیں گے۔**

**شب قدر کی فضیلت اور اہمیت کے تعلق سے جب ہم نے معروف عالم دین مولانا عبدالرشید داؤدی سے بات کی ، تو انہوننے کہا ۔**

## نماز

**جمونو کشمیر وقف بورڈ کی جانب سے شبِ قدر کی بابرکت تقریبات کے سلسلے میں کشمیر کی مختلف مساجد، درگاہوں، خانقاہوں اور بقہ جات میں نماز عشاءکے اوقات جاری کئے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں وادی میں سب سے بڑی تقریب آثار شریف در گاہ حضرت بل میں منعقد ہو گی**

جہاںآج نماز عشاءرات10بجے ادا کی جائے گی۔ اسی طرح آثار شریف جناب صاحب آنچار صورہ سرینگر11بجے، زیارت حضرت پیر دستگیر صاحب ؒ خانیار سرینگر 10بجے ،زیارت حضرت میر سعید یعقوب صاحب سونہ وار10بجے،خانقاہ معلی حضرت امیر کبیر ؒ میر سعید علی ہمدانی10بجکر30منٹ، آثار شریف کلاشپورہ سرینگر10بجے، زیارت حضرت مخدوم صاحب سرینگر 10بجے، آثار شریف کعبہ مرگ اننت ناگ10بجے، خانقاہ فیض پناہ ترال10بجکر30منٹ ،زیارت شریف علمدار کشمیر چرار شریف میں10بجکر30منٹ اور زیارت حضرت پیام الدین ریشی صاحب ٹنگمرگ11بجے ادا کی جائے گی۔

**<u>عمر مبارکباد</u>**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے لیلتہ القدر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔ اپنے پیغام میں انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ مقدس شب عالم انسانیت بالخصو ص جموں کشمیر کیلئے امن ، ترقی اور خوشحالی کی ایک نوید لے کر آئے ۔نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری ، کابینہ وزرائ، سکینہ ایتو، جاوید احمد ڈار، جاوید احمد راناااور ستیش شرما نے بھی جموں کشمیر کے لوگوں کو شب قدر کے موقعے پر مبارکباد دی ہے ۔

**<u>اکیڈمی</u>**

نزول قرآن کی مناسبت سے جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کی طرف سے آج گورنمنٹ ہائر اسکنڈری اسکول جواہر نگر میں اسلامی فن ِخطاطی کی ایک شاندار نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ نمائش کا افتتاح چیف ایجوکیشن آفیسر سرینگرغلام محی الدین بٹ نے کیا۔

**<u>شب قدر مبارکباد</u>**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹرفاروق عبداللہ نے شب قدر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔ ایک پیغام میں انہوننے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ برکتوں والے اس رات میں عالم انسانیت کی بقاءکیلئے دعا کریں ۔

سابق وزیر اعلیٰ غلام نبی آزاد نے بھی شب قدر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی ، وقف بورڈ کے ممبر ڈاکٹر غلام نبی حلیم، JDU جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین کے علاوہ جن دیگر شخصیات نے شب قدر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ان میں PDF کے صدر حکیم محمد یاسین،حقانی میموریل ٹرسٹ کے سرپرست اعلیٰ سید حمید اللہ حقانی اور جنرل سیکریٹری بشیر احمد ڈار شامل ہیں۔جے کے ویلفیئر سوسائٹی کے چیر مین شیخ مجید اور کنونیر ٹریڈ یونین سیل جے کے نیشنل کانفرنس غلام محمد ہمدرد نے بھی لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔

**بریک**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے  DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں - Radiokashmir@gmail.com

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

**عمر عبداللہ**

وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران وادی میں عید اور نوراترؤں کے پیش نظر اشیاءضروریہ اور پیٹرولیم مصنوعات کی سٹاک اور سپلائی پوزیشن کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ کرنے والونکے خلاف سخت کارروائی کریں۔ انہوں نے ترقیاتی کمشنروں کو بھی ہدایت دی کہ وہ بھی اپنے اپنے اضلاع میں اشیاءضروریہ کی تقسیم کاری اور دستیابی پر نظر رکھیں۔

میٹنگ میں کابینہ وزراءسکینہ ایتو، ستیش شرما، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

**ستیش شرما**

خوراک ، سول سپلائز اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں رسوئی گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کا وافر سٹاک موجود ہے ۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ صبر وتحمل سے کام لیں۔ انہوں نے کہا کہ ایل پی جی اور پیٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی اور نا جائز منافع خوری کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

**پیٹرولیم**

دریں اثنا پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سیکریٹری سُجاتا شرما نے بھی نئی دلی میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہاکہ ملک بھر میں خام تیل وافر سٹاک میں موجود ہے اور ایل پی جی سپلائی بھی لگ بھگ معمول کے مطابق جاری ہے ۔

**<u>اندرابی</u>**

**جمونکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج بورڈ کے دفتر سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران شب قدر اور آنے والی عید الفطر کے سلسلے مینکئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان مقدس ایام کے پیش نظر زائرین کیلئے صفائی ستھرائی ، بجلی ، پانی، طبی نگہداشت اور ٹرانسپورٹ سمیت ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔**

**<u>بلٹین</u>**

**آکاشوا نی نیوز سرینگرکی جانب سے کل سے اُردو خبروں کے نئے بلٹین کا آغاز ہوا ۔ دس منٹ کا یہ بلٹین روزانہ سہ پہر تین بجکر50منٹ پر نشر ہوتا ہے۔ جموں کشمیر کے عوامی اور سیاسی حلقوں نے نیا اُردو بلٹین شرو ع ہونے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسے لوگوں کوحالات و واقعات موثر طریقے پر با خبر رکھنے میں مدد ملے گی ۔**

**جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کی اس پہل کی ستائش کرتے ہوئے کہا۔**

**آکاشوا نی سرینگرکے ایک سابق پروگرام ایگزیکٹو نثار نسیم نے اپنے تاثرات میں کہا۔**

**<u>ہینڈی کیپڈ</u>**

**جے اینڈ کے ہینڈی کیپڈ ایسو سی ایشن کے صدر عبدالرشید بٹ نے ایک پریس بیان میں کہا ہے کہ جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے جسمانی طور خاص افراد پچھلے تین ماہ سے سرکاری مالی معاونت سے محروم ہیں جس کی وجہ سے انہیں مالی دشواریاں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔ انہوں نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ یہ مالی معاونت عیدا لفطر کے پیش نظر فوری طور سے واگذار کی جائے ۔**

**<u>جاوید ڈار</u>**

**زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج زاوورہ میں ہارٹیکلچر سینٹر کا دورہ کرکے اس کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ انہوننے وہاں افسروں کو ہدایت دی کہ وہ اخروٹ اور بادام کے روایتی اقسام کو تحفظ دینے اور ان کی پیدا واری صلاحیت بڑھانے کی طرف اپنی توجہ مرکوز کریں ۔**

**<u>رانا</u>**

**جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج اکھنورمیں سٹیل برج کے نزدیک رمبیر کنال میں پانی چھوڑنے کے کام کا افتتاح کیا ۔ انہوننے کسانوں کو یقین دلایا کہ آنے والے زرعی موسم میں انہیں آبپاشی کی بہتر سہولیات دستیاب کرائی جائیں گی۔**

**این سی**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹرفاروق عبداللہ نے آج اپنی رہائش گاہ پر مختلف علاقوں سے آئے کارکنوں اور لیڈروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ گڈ گورننس کا اصل مقصد یہی ہے کہ آئینی اور جمہوری اصولوں کے مطابق عوام کی خدمت کی جائے ۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کی راحت رسانی کیلئے وعدہ بند ہے ۔

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج غوثیہ اسپتال خانیار میں جدید Catarhex-3 یونٹ کا افتتاح کیا۔

**ست شرما**

BJP جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ نے آ ج راجیہ سبھا میں جموں کشمیر میں کسانوں کی فصلوں کوہوئے نقصانات کے معاوضے کا معاملہ اٹھایا۔ انہوں نے مرکزی وزار زراعت سے اس معاملے میں ایک جانکاری طلب کی ۔ جس کے جواب میں زراعت کے وزیر مملکت بھاگیرتھ چودھری نے کہاکہ مرکزی سرکار کسانوں کے مفادات کو تحفظ دینے کیلئے RWBCIS ملک بھر میں پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا اور عملا رہی ہے۔

**کول**

BJP جموں کشمیر کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول نے آج رام بن میں پارٹی کی ایک میٹنگ کے دوران تنظیمی امور اور بنیادی سطح پر پارٹی کو مستحکم کرنے سے متعلق اقدامات کاجائزہ لیا۔ دریں اثنا پارٹی کے تمام سیلز کے انچارج وید شرما نے دیگر لیڈروں کی موجودگی مینٹرانسپورٹ کرایے میں اضافے کے چلتے ایک میمورنڈم ڈپٹی کمشنر جموں راکیش منہاس کوپیش کیا اور اپنا احتجاج درج کرایا ۔

**شاہین**

جنتا دل یونائٹیڈ جمونکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے مرکزی سرکار سے اپیل کی ہے کہ وہ جموں کشمیرمیں سیاحتی صنعت کو فروغ دینے کیلئے فوری اقدامات کریں۔ایک بیان میں انہوننے کہاکہ اس صنعت کو جموں کشمیر کے سیاحتی منظر نامے میں ریڈ ھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے لیکن پچھلے کچھ عرصے سے یہ سیکٹر منفی طور متاثر اہوا ہے ۔

**کشمیر پولیس**

جموں کشمیر پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے اونتی پورہ سے دو منشیات فروشوں گرفتار کرکے ان کے قبضے سے کچھ مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

NDPS ایکٹ کے تحت کروڑ وں روپے مالیت کی چار جموں کشمیر پولیس نے پلوامہ ضلع میں پراپرٹیاں اٹیچ کر دی ہیں

**<u>ریلوے</u>**

**ناردرن ریلوے کے جمونڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر اُچت سنگھل نے اطلاع دی ہے کہ ریلوے مسافروں خاص طور سے نو راترا کے دوران شری ماتا ویشنو دیوی کے درشن پر آنے والے یاتریوں کی سہولت کیلئے ریلوے ڈویژن جموں نے 16سے 20مارچ تک جموں -نیو دلی راجدھانی ایکسپریس میں اضافی تھرڈ AC کوچ کی سہولت بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔**

**<u>ACB</u>**

**سپیشل جج اینٹی کورپشن کورٹ سرینگرنے آج رشوت خوری کے ایک معاملے مینبشیر احمد ڈار نے پٹوار حلقہ ACB نامی پٹواری کو ملزم قرار دیا ہے ۔ اسی طرح کے ایک اور معاملے میں منڈادھمپور کے پٹواری محمد سلیم بانڈے کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے ۔**

**ACB نے عام لوگوں کی سہولت کیلئے ایک ہیلپ لائن جاری کی ہے جس کا نمبر دریں اثنا 9419678060ہے۔**

**چیف سیکریٹری**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمے اور جموں کشمیر سپورٹس کونسل کی کار کردگی کا جائزہ لیا۔چیف سیکریٹری نے ان محکمونکی طرف سے یو ٹی بھر مینکھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کے بار ے میں جانکاری حاصل کی۔**

**<u>اسکیم</u>**

**جموں وکشمیر حکومت نے سڑک حادثات سے متاثرین کو بر وقت طبی امداد فراہم کرانے کیلئے PM Road Accident Victims Hospitalization & Assured Treatmentیعنی PM راحت اسکیم شروع کی ہے ۔**

**<u>ظریف</u>**

**Atal Vayio Abhyuday yojana کے تحت معزز شہریوں کیلئے کشمیر ہارٹ سرینگر میں آج ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیامعروف سماجی اصلاح کار اور شاعر ظریف احمد ظریف تقریب پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔اس موقعے پر سماجی بہبود محکمے کی طرف سے اُن معزز شہریوں کی عزت افزائی کی گئی جنہوں نے سماجی خدمات کے مختلف شعبوں میں نمایاں کار کردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔**

**ایوارڈ**

ایوارڈ 2025کیلئے نامزد کیا Main کشمیری زبان کے سرکردہ شاعر علی شیدا کو ساہیتہ اکیڈمی گیا ہے ۔ اس سلسلے میں ساگر کلچرل فورم ژکر پٹن کے سرپرست ساگر نذیر نے انہیں مبارکباد دی ہے۔

**سکاسٹ**

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کی طرف سے آج ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا ۔جس کا مقصد نوجوانوں کو قدرتی وسائل کو تحفظ دینے اور صفائی ستھرائی کی طرف راغب کرنا ہے ۔اس موقعے پر سکاسٹ میں ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر رئیحانہ حبیب کنٹھ مہمان خصوصی جبکہ یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر عظمت عالم خان مہمان ذمہ وقار کی حیثیت سے موجود تھے۔

**ٹیکہ کاری**

آج ٹیکہ کاری کاقومی دن منایا جا رہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد لوگوں میں وبائی بیماریوں سے بچاؤ کےلئے ویکسین کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

**نشہ**

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک عام شہری ظہور احمد صوفی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

**مطالبہ**

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔

تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

## ایران

ایران میں بھارتی سفارتخانے نے اس وقت ایران میں موجود بھارتی شہریوں کو صلاح دی ہے کہ وہ بھارتی سفارتخانے کے ساتھ واضح تال میل کے بغیر آگے سفر کرنے کیلئے ایران کی زمینی سرحد کو کراس کرنے کی کوشش نہ کریں۔ ایمبسی نے کہا کہ ایسے کرنے سے ان شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ۔ سفارتخانے نے مزید کہا ہے کہ وہ بھارتی برادری کے تمام ارکان کے ساتھ رابطے میں ہیں اور ان کیلئے ہر ممکن انتظاما ت کئے جا رہے ہیں۔

## پدم ایوارڈ

حکومت نے 2027 کے پدم ایوارڈز کیلئے نامزدگیاں اور سفارشات طلب کی ہیں۔ وزارت داخلہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پدم ایوارڈز کا اعلان اگلے سال یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جائے گا۔ اِن نامزدگیوں کی آخری تاریخ 31 جولائی ہے۔ پدم ایوارڈز کیلئے یہ نامزدگیاں اور سفارشات راشٹرپتی پرسکار پورٹل کے ذریعے صرف آن لائن موصول کی جائیں گی۔

## چناؤ

آسام، کیرالم اور پڈو چیری اسمبلی انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔اس سے پہلے بھارت کے انتخابی کمیشن نے کل اعلان کیا کہ آسام ، کیرالم ، پڈوچیری اور تمل ناڈو میں واحد مرحلے میں ، جبکہ مغربی بنگال میں دو مرحلوں میں انتخابات کرائے جائیں گے۔ نئی دلی میں کل انتخابی شیڈول کا اعلان کرتے ہوئے چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے کہا کہ آسام ، کیرالم اور پڈو چیری میں 9اپریل کو ، جبکہ تمل ناڈو میں23اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مغربی بنگال میں دو مرحلوں میں 23اور29اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔سبھی چار ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ووٹوں کی گنتی 4مئی کو ہوگی ۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میناکثر مقامات پر ہلکی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت14 اعشاریہ 7 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 39 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر40منٹ پر ہو گا۔